# آپ کی صحت اور مُلازمت

کارکنان کے لیے اہم معلومات

## ایک کارکن کو کیا کرنا چاہئیے اگر اُسے بُخار یا دیگر علامات لاحق ہوں؟

اگر ایک کارکن ایسی علامات ظاہر کرے جیسے کہ کھانسی، بُخار یا سانس لینے میں دُشواری ہو تو اُسے دُوسروں سے دُور رہنا چاہئیے اور فوری طور پر قطر کی کووڈ-١٩ ہاٹ لائن ١٦٠٠٠ پر رابطہ کرنا چاہئیے۔

ہنگامی صورتحال میں کارکن کو ٩٩٩ کو کال کرکے ایک ایمبولنس کی درخواست کرنی چاہئیے۔

## ایک کارکن کو کیا کرنا چاہئیے اگر اُس کے پاس ایک ہیلتھ یا صحت کارڈ نہ ہو؟

موجودہ بحران کے دوران ایک ہیلتھ کارڈ یا QID کا ہونا، ٹیسٹ یا علاج کرانے کے لیے ضروری نہیں ہے۔ یہ خِدمات حکومت کی جانب سے مُفت فراہم کی جاتی ہیں۔

## ایک کارکن کو سیلف آئسولیشن میں کب جانا چاہئیے؟

ایک کارکن کو سیلف آئسولیشن میں چلے جانا چاہئیے اور کووڈ-١٩ ہاٹ لائن ١٦٠٠٠ پر کال کرنی چاہئیے اگر وہ:

- کووڈ-١٩ کی کوئی علامات ظاہر کرے جیسے کہ کھانسی، بُخار یا سانس میں دُشواری ہونا۔
- کسی ایسے فرد کے ساتھ رابطے میں رہا/رہی ہے جِس کا کووڈ-١٩ ٹیسٹ مثبت آیا ہے، خواہ رابطے کے وقت وہ اِس بیماری کی کوئی علامات ظاہر نہیں کررہا تھا۔
- کسی ایسے مُلک سے حال ہی میں لوٹا ہو جِس میں یہ بیماری وسیع پیمانے پر پھیلی ہُوئی ہے۔

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی وزارتِ عوامی صحت کی ویب سائٹ مُلاحظہ کریں www.moph.gov.qa

## کارکُنان کو آئسولیشن میں کب رکھنا چاہئیے؟

ایک کارکن کو حکومتی مجاز افراد کی جانب سے آئسولیشن میں رکھا جاسکتا ہے، جب وہ اپنے ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کر رہا/رہی ہو، اگر یہ یقین کیا جائے کہ اُنہیں کووڈ-١٩ ہوسکتا ہے (اگر وہ ایسی کوئی علامات ظاہر کریں یا اُن کا کسی ایسے فرد کے ساتھ رابطہ ہُوا ہو جو کووڈ-١٩ سے مُتاثر ہُو)۔

## اگر ایک کارکن کا کووڈ-١٩ کے لیے ٹیسٹ پوزیٹو آجائے تو کیا ہوگا؟

ایک کارکن جِس کا کووڈ-١٩ کے لیے ٹیسٹ پوزیٹو آئے، اُسے مکینیز Mukainis کے علاقے میں قائم مراکز میں کوارینٹین کیا جائے گا اور اُنہیں تمام ضروری طبّی اِمداد، غِذا اور رسد مفت فراہم کی جائیں گی۔

## ایک مُشترکہ رہائش میں کارکنان کی آئسولیشن یا کوارینٹین کے انتظام کے لیے کون ذِمّے دار ہے؟

وزارتِ عوامی صحت کے تحت کرائسس مینجمینٹ کے لیے سُپریم کمیٹی کی نگرانی میں ایک ماہر طبّی ٹیم کام کررہی ہے جو کارکنان کی آئسولیشن اور کوارینٹین کے علاج کے انتظام کے لیے ذِمّے دار ہے۔ مالک یا آجر، کارکنان کی آئسولیشن یا کوارینٹین کا انتظام کرنے کے لیے ذِمّے دار نہیں ہے۔

## کیا ایک درست QID کے بغیر کارکنان علاج کروانے کے اہل ہوں گے اگر ضرورت پڑے؟

تمام کارکنان تمام ضروری علاج مُفت حاصل کریں گے اور اس میں اُن کا عہدہ اہم نہیں ہے۔

## کیا اُن کارکنان کو تب بھی ادائیگی کی جائے گی جبکہ وہ آئسولیشن یا کوارینٹین میں ہوں یا عِلاج کروارہے ہوں؟

تمام کارکُنان، جو آئسولیشن، کوراینٹین میں ہوں یا عِلاج کروارہے ہوں، وہ اپنی بُنیادی تنخواہ اور الاؤنسز وصُول کریں گے، اس بات سے قطع نظر کہ آیا وہ سِک لیو کے فوائد پانے کے حقدار ہیں یا نہیں۔

## ایسے شعبوں کے مُلازمین جنہوں نے حکومت کی ہدایات پر عمل کرتے ہُوئے خدمات روکی ہیں، کیا اُنہیں اُن کی بُنیادی تنخواہ اور دیگر الاؤنسز جیسے کہ غِذا اور رہائش پھر بھی مِلیں گے؟

جی ہاں، تمام کارکُنان کو اپنے مالک سے تب بھی اپنی بُنیادی تنخواہ اور الاؤنسز حاصِل کرنی چاہئیے۔

## کیا کارکنان کے کانٹریکٹس کو بُحران کی وجہ سے ختم کیا جاسکتا ہے؟

آجران یا مالکان کو مُعاہدے ختم کرنے کا حق حاصِل ہے۔ تاہم، مُلازمت کا اختتام، لیبر لا اور مُعاہدے کی شرائط کی مکمّل پیروی کرنے کے ساتھ کرنا چاہئیے جس میں نوٹس پیریڈ اور تمام مُعلّقہ استحقاق کی ادائیگی شامِل ہے اور اس میں اُن کے وطن کا ریٹرن ٹکٹ بھی شامل ہے۔

## اگر کارکنان مُلک سے باہر ہیں اور واپس آنے سے قاصِر ہیں، اس سے اُن کی مُلازمت کی کیفیت پرکیا اثر پڑے گا؟

مالک اور کارکن کو کام کرنے کی شرائط اور فوائد کے بارے میں بات چیت کرنی چاہئیے۔ کارکن کو یہ استحقاق حاصِل ہے کہ مُعاہدے میں کسی بھی ایڈجسٹ مینٹ سے اِنکار کردے۔ مُلازمت کے اختتام کی صُورت میں اِسے لیبر لا اور مُعاہدے کی شرائط کی مکمّل پیروی کرنی چاہئیے جس میں نوٹس پیریڈ اور تمام مُعلّقہ استحقاق کی ادائیگی شامِل ہے۔

## کیا ویزا QID کی مِیعاد میں خُودبخُود اِضافہ ہوجائے گا اگر اُن کی مِیعاد کم کی گئی یا حکومتی خِدمات کی اِس مُدّت کے دوران ختم ہوتی ہو؟

ویزوں کی مِیعاد بڑھانے کے لیے یا اُس کی مِیعاد کا جائزہ لینے کے لیے اِس لِنک کی تقلید کریں:
https://portal.moi.gov.qa/visitvisaextension

QID کی مِیعاد بڑھانے کے لیے یا اُس کی مِیعاد کا جائزہ لینے کے لیے براہِ مہربانی **Meshtra2** ایپ کا اِستعمال کریں۔

تازہ ترین معلومات کے لیے براہِ مہربانی وزارتِ داخلہ کی ویب سائٹ مُلاحظہ فرمائیں۔

## کیا یہی شرائط اُن گھریلو کارکنان پر لاگُو ہوتی ہیں جو ایک گھر میں مُلازم ہیں؟

مُندرجہ بالا تمام معلومات کا اطلاق اسی طرح گھروں میں کام کرنے والے گھریلو مُلازمین پر بھی ہوتا ہے۔

## اگر کارکنان کو اِس دوران اپنی مُلازمت یا رہائش کے حوالے سے ایک شکایت یا مسئلہ ہو تو وہ کیا کرسکتے ہیں؟

کارکنان، وزارتِ انتظامی ترقّی، افرادی قوت اور معاشرتی معاملات سے **١٦٠٠٨** پر یا info@adlsa.gov.qa ای میل کرکے رابطہ کرسکتے ہیں۔